Jubilee LIFE INSURANCE



# EDUSMART

## CHILD EDUCATION PLAN

والدین کیلئے بچے ان کی زندگی کا اہم ترین حصہ ہوتے ہیں۔اس میں کچھ حیرت نہیں کہ ہم اپنے بچوں کیلئے بہترین تعلیم اور بھرپور زندگی کو یقینی بنانے کے خواب دیکھیں۔یہ خواب یقیناً مہنگے ہیں اس لئے انتہائی محتاط مالی تدبیر کا تقاضا کرتے ہیں۔جونہی آپ کا بچہ اپنے چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا شروع کرتا ہے اس کے درخشاں مستقبل کی جانب سفر کا آغاز ہوجاتا ہے اور یہیں سے اس کی بہترین تعلیم وتربیت کی فراہمی کا عمل شروع ہوجاتا ہے۔ایڈواسمارٹ آپ اور آپ کے بچے کے خواب کی تعبیر کو یقینی بناتا ہے۔

## Jubilee Life پیش کرتی ہے ایڈواسمارٹ (EduSmart)

بیمہ زندگی کے تحفظ کے ساتھ یہ ایجوکیشن پلان آپ کو باقاعدگی کی بنیاد پر بچت میں مدد کرے گا تاکہ آپ مالی تحفظ حاصل کرسکیں اور ان خوابوں کو عملی جامہ پہنا سکیں جو آپ نے اپنے بچوں کے حوالے سے دیکھ رکھے ہیں۔آپ کا مقصد کچھ بھی ہو ایڈواسمارٹ اسے حقیقت کا روپ دینے میں معاون ہوگا۔

## ایڈواسمارٹ (EduSmart) کیا ہے؟

ایڈواسمارٹ ایک Unit Linked Endowment پلان ہے جو خاص طور پر آپ کے سرمائے کو تیزی کے ساتھ ایک جگہ جمع کرنے کی غرض سے تشکیل دیا گیا ہے جس کے ساتھ ساتھ آپ بیمہ زندگی کے تحفظ سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔اس پلان کے ذریعے جمع ہونے والا سرمایہ آپ اپنے بچوں کی تعلیم یا کسی دیگر مقاصد میں استعمال کرسکتے ہیں۔

## ایڈواسمارٹ (EduSmart) ہی کیوں؟

- اپنے مالی فرائض کی منصوبہ بندی اپنی مرضی سے کریں
- سرمایہ کاری کے لئے اپنی مرضی کے فنڈ کا انتخاب کریں
- سرمایہ کاری کی بہترین حکمت عملی کے ذریعے اپنے فنڈ کو بڑھائیں
- سرمایہ کاری کو Adhoc Premium کے ذریعے مزید بڑھائیں
- Add-On بینیفٹ کے ذریعے اپنی مرضی کا تحفظ حاصل کریں
- مہنگائی کا مقابلہ کریں۔
- پلان تسلسل سے جاری رکھنے پر اضافی یونٹس حاصل کریں

## تحفظ

ایڈواسمارٹ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کے اہلِ خانہ کو بیمہ زندگی کا یقینی تحفظ حاصل ہو اور ساتھ ہی ساتھ آپ اپنے بچوں کیلئے بچت بھی کرتے جائیں۔

خدانخواستہ اگر آپ پلان کی مقررہ مدت کے دوران انتقال کرجاتے ہیں تو آپ کے لواحقین کو مجموعی بیمہ شدہ رقم یا کیش ویلیو (Cash Value) میں سے جو بھی زیادہ ہو حاصل ہوگی۔

برائے مہربانی مزید تفصیلات کیلئے دیگر معلومات والے حصے میں "Sum Assured" ملاحظہ کریں۔

## پلان سے منسلک فائدہ

ایڈو اسمارٹ میں ایک مستقل تعلیمی تسلسل کا فائدہ (Education Continuation Benefit) بھی موجود ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کا بچہ وہ تعلیم حاصل کرے جس کیلئے آپ ہمیشہ سوچتے اور فکرمند رہے ہیں:

- **تعلیمی تسلسل کا فائدہ (Education Continuation Benefit)**
  - ✓ بیمہ کردہ زندگی کی موت کی صورت میں نہ صرف دیگر فوائد ادا کیے جائیں گے بلکہ مستقل تعلیمی تسلسل (Education Continuation Benefit) کے تحت اضافی باقاعدہ آمدنی بھی فراہم کی جائے گی۔
  - ✓ آپ کے اہل خانہ اس آمدنی کو آپ کے بچے کی تعلیم کو جاری رکھنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں جیسا کہ آپ نے منصوبہ بندی کی ہے۔
  - ✓ آپ مجموعی بیمہ کے 5، 10، 15 یا 20 فیصد کے مساوی سالانہ بینیفٹ کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔ یہ بینیفٹ سہ ماہی بنیاد پر پیشگی ادا کیا جائے گا۔

## Add-On فوائد

ایڈو اسمارٹ آپ کے بیمہ کی مخصوص ضروریات کے مطابق اپنے پلان کو مندرجہ ذیل Add-On فوائد شامل کر کے اپنی مرضی سے ترتیب دینے کا انتخاب بھی فراہم کرتا ہے:

- **جوبلی میڈی پیل**

جوبلی لائف کی جانب سے پیش کردہ یہ نیا اختیاری رائڈر بیمہ کنندہ اور شریکِ حیات کو کسی بھی حادثے یا بیماری کی صورت میں اسپتال کے نجی وارڈ میں علاج کی غرض سے 250,000 روپے تک کی فوری کوریج فراہم کرتا ہے۔ بیمہ کنندہ اس رائڈر کی بدولت کسی بھی منظور شدہ ہسپتال میں بلا معاوضہ اعلیٰ معیار کی طبّی سہولت سے مستفید ہو سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے میڈی پیل کا الیحدہ کتابچہ ملاحظہ فرمائیں۔

- **پریمیئم کی معافی**

خدانخواستہ اگر آپ کسی بیماری یا معذوری کی وجہ سے پچھلے 6 ماہ سے اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام نہیں دے سکے ہیں تو اس بینیفٹ کے تحت Jubilee Life آپ کا اگلا پریمیئم اپنی جانب سے ادا کرے گی۔

- **حادثاتی موت بینیفٹ**

خدانخواستہ کسی حادثے کے نتیجے میں اگر آپ کی موت واقع ہو جاتی ہے تو ایسی صورت میں آپ کو بیمہ کی رقم کے علاوہ اضافی رقم بھی ادا کی جائے گی۔

## اثاثوں کی انتظام کاری

آپ کا ادا شدہ پریمیئم آپ کی مرضی کے فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے لگایا جاتا ہے اور یونٹس کو فنڈ کی قیمت کے لحاظ سے مختص کر دیا جاتا ہے۔ آپ کی پالیسی کی قیمت یونٹس کی کل قیمت کے برابر ہوتی ہے جو کہ آپ فنڈ میں رکھتے ہیں۔ ہمارے ماہر انویسٹمنٹ مینیجرز اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ آپ کے فنڈ کی گروتھ میں کم سے کم رسک کے ساتھ اضافہ ہو۔

## سرمایہ کاری کے آپشنز

Jubilee Life کی جانب سے فی الوقت مندرجہ ذیل چار فنڈز پیش کئے جا رہے ہیں۔

| | |
|---|---|
| مینجڈ فنڈ | ایک متوازن انکم فنڈ |
| میثاق فنڈ | ایک سود سے پاک فنڈ |
| یقین گروتھ فنڈ | سرمائے میں کمی کے کم سے کم خدشات کے ساتھ لگاتار منافع کیلئے ترتیب دیا گیا فنڈ |
| کیپیٹل گروتھ فنڈ | پالیسی ہولڈرز کو اثاثوں پہ مبنی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع جیسے شیئرز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس اور بینک ڈپازٹس کے ذریعے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کے لئے ترتیب دیا گیا فنڈ۔ |

## آپ کی سرمایہ کاری کے لئے لچکدار انتظام کاری

ہم آپ کی سرمایہ کاری کے لئے لچکدار انتظام کاری کی سہولت بھی پیش کرتے ہیں۔ آپ چاہیں تو اپنا تمام پریمیئم کسی ایک فنڈ کے لئے مخصوص کر سکتے ہیں یا چاہیں تو اپنے پریمیئم کو مختلف حصوں میں تقسیم کر کے دستیاب فنڈز میں الگ الگ مختص کر سکتے ہیں۔ نتیجتاً فنڈز کی کارکردگی پر انحصار کرتے ہوئے آپ مختلف فنڈز کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ ہم ہر پالیسی سال کے دوران 4 مفت منتقلی کی اجازت دیتے ہیں۔ پانچویں منتقلی پر چارجز لاگو ہوں گے جو کیش ویلیو (Cash Value) یونٹ اکاؤنٹ سے منتقلی سے پہلے ہی کاٹ لئے جائیں گے۔

## سرمایہ کاری میں اضافہ

آپ کے پاس فاضل رقوم کسی بھی مرحلے پر دستیاب ہو سکتی ہیں۔ آپ اپنی باضابطہ سرمایہ کاری میں اس پلان کے تحت ایڈ ہاک پریمیئم کی ادائیگیوں کے ذریعے اضافہ کر سکتے ہیں۔ یہ رقوم اس وقت کی جاری کردہ قیمت پر یونٹ اکاؤنٹ میں لگائی جائیں گی۔

## مہنگائی سے مقابلہ

افراطِ زر کے پیشِ نظر آپ کے بیمہ کی رقم اور پریمیئم آپ کی سرمایہ کاری کی رقم کے ساتھ ہر سال ازخود بڑھتی رہے گی جو کسی میڈیکل تفتیش کے بغیر ہی کمپنی کی جانب سے مختص کی گئی حدود کے اندر بڑھے

گی۔ تاہم آپ کے پاس یہ اختیار موجود ہے کہ آپ اس اضافے کو تسلیم نہ کریں اور اپنے پلان کو انہی شرائط وضوابط پر قائم رکھیں جیسے وہ پہلے تھا یا اپنی ضروریات کے مطابق کم اضافے کا انتخاب کریں۔

## کنٹینیوئٹی بونس

پالیسی کو مستقل پانچ سال تک بلاتعطل جاری رکھنے کی صورت میں آپ "کنٹینیوئٹی بونس" کے حق دار ہوجاتے ہیں۔ یہ بونس اضافی یونٹس کی صورت میں ہر سال آپ کے یونٹ اکاؤنٹ میں جمع ہوجائیں گے۔ آپ اپنا پلان جس قدر طویل رکھیں گے یہ بونس بھی بڑھتے رہیں گے۔ ان اضافی یونٹس کے ساتھ آپ کی سرمایہ کاری کی افزائش میں تیزی سے اضافہ ہوگا۔

## پلان کی تکمیل سے پہلے پیسوں کی ادائیگی

مستقبل غیر متوقع ہے اور آپ یہ کبھی نہیں جان سکتے کہ کب آپ کے حالات کوئی نئی کروٹ لیں اور آپ کو اپنے پلان کی تکمیل سے پہلے ہی پیسوں کی ضرورت پڑ جائے۔ ایڈوا اسمارٹ کے تحت آپ اپنے فنڈز (جزوی یا کلی طور پر) پالیسی کے دو سال کی تکمیل پر کیش کرواسکتے ہیں بشرطیکہ آپ نے 2 سال کا پریمیئم ادا کررکھا ہو۔

- **جزوی دستبرداری**

  اگر آپ کسی ہنگامی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے اپنی رقم نکلوانا چاہتے ہیں لیکن پالیسی ختم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے تو آپ اپنی ضرورت کے مطابق رقم نکلواسکتے ہیں۔ بشرطیکہ باقی ماندہ کیش ویلیو (Cash Value) 25 ہزار روپے یا اس سے زیادہ ہو۔ (باقی ماندہ کیش ویلیو کی رقم پر کمپنی ازسرِ نو غور کرسکتی ہے۔)

- **پالیسی کا مکمل خاتمہ**

  پالیسی کے 2 سال کی تکمیل کے بعد (بشرطیکہ 2 سال کا مکمل پریمیئم ادا کیا گیا ہو) آپ اپنی پالیسی ختم کرسکتے ہیں۔ خاتمے کے وقت آپ کو آپ کے فنڈ کی مکمل کیش ویلیو (Cash Value) ادا کردی جائے گی۔ تاہم پالیسی کے ابتدائی برسوں میں کیش ویلیوز (Cash Values) کم ہوسکتی ہیں۔

## فوائد کی وضاحت

| فرض کریں: | |
|---|---|
| پلان کے آغاز پر عمر | 35 سال |
| منتخب میعاد | 20 سال |
| سالانہ بنیادی پلان پریمیئم | 75,000/- روپے |
| بیمہ کردہ کل رقم | 1,000,000/- روپے |
| تعلیمی تسلسل بینیفٹ | بیمہ کردہ کل رقم کا 10 فیصد |

## مستقبل کی متوقع کیش ویلیوز (Cash Values)

| سالانہ سرمایہ کاری کی واپسی | 7% سالانہ مجموعی شرح کی واپسی | | 9% سالانہ مجموعی شرح کی واپسی | | 11% سالانہ مجموعی شرح کی واپسی | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پالیسی سال | ڈیتھ بینیفٹ | کیش ویلیو | ڈیتھ بینیفٹ | کیش ویلیو | ڈیتھ بینیفٹ | کیش ویلیو |
| 5 | Rs. 1,216,000 | Rs. 328,000 | Rs. 1,216,000 | Rs. 344,000 | Rs. 1,216,000 | Rs. 362,000 |
| 10 | Rs. 1,551,000 | Rs. 990,000 | Rs. 1,551,000 | Rs. 1,090,000 | Rs. 1,551,000 | Rs. 1,202,000 |
| 15 | Rs. 2,022,000 | Rs. 2,022,000 | Rs. 2,342,000 | Rs. 2,342,000 | Rs. 2,716,000 | Rs. 2,716,000 |
| 20 | Rs. 3,591,000 | Rs. 3,591,000 | Rs. 4,366,000 | Rs. 4,366,000 | Rs. 5,340,000 | Rs. 5,340,000 |

### نوٹ:

* بیمہ شدہ رقم یا کیش ویلیو (Cash Value) میں سے جو بھی زیادہ ہو ڈیتھ بینیفٹ ہوتا ہے۔ وضاحتی مقصد کے لئے یہ فرض کیا جاتا ہے کہ موت سال کے آخر میں واقع ہوئی ہے۔
* میچورٹی بینیفٹ یعنی پالیسی کی تکمیل کا فائدہ اس وقت کی جاری کیش ویلیو (Cash Value) کے برابر ہے۔
* پہلے دو سالوں میں کوئی سرینڈر ویلیو نہیں ہوتی۔ دو سال بعد یہ پالیسی کی کیش ویلیو (Cash Value) کے برابر ہوتی ہے۔
* بیمہ شدہ زندگی کے خاتمے کی صورت میں -/100,000 پاکستانی روپے سالانہ تعلیمی تسلسل بینیفٹ (Education Continuation Benefit) کی صورت میں سہ ماہی اقساط میں ( 25,000 روپے فی قسط) ادا کیا جائے گا۔
* بیمہ شدہ رقم اور سالانہ بنیادی پریمیئم کی رقم پر 5% سالانہ کے حساب سے انڈیکیشن (Indexation) کی جاتی ہے۔
* مندرجہ بالا خاکہ میں دی گئی ویلیوز فرضی بنیاد پر تیار کی گئی ہیں اور اصل ویلیوز اس سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہیں۔

## دیگر معلومات

### یہ پراڈکٹ کون خرید سکتا ہے؟

وہ افراد جن کی عمریں 18 سے 55 سال کے درمیان ہوں یہ پراڈکٹ خرید سکتے ہیں۔

### مدت

اس پلان کے تحت بچت کی مدت 10 سے 52 سال ہے جو پلان کی تکمیل تک زیادہ سے زیادہ 70 سال تک ہوسکتی ہے۔

### پریمیئم اور ادائیگیاں

بنیادی پلان کے پریمیئم کی کم سے کم رقم =/25,000 روپے سالانہ ہے۔ پریمیئم کی ادائیگی بذریعہ کراس چیکس، ڈیمانڈ ڈرافٹس یا پے آرڈرز کی جاسکتی ہے۔ تمام نمایاں کریڈٹ کارڈز بھی قبول کئے جاتے ہیں۔

## کیش ویلیو (Cash Value)

کیش ویلیو (Cash Value) یونٹ اکاؤنٹ کی مالیت کے برابر ہے جو یونٹ اکاؤنٹ میں موجود یونٹس کی تعداد کو قابلِ اطلاق بڈ پرائس پر ضرب دے کر حاصل کی جاتی ہے۔

## بیمہ کردہ رقم (Sum Assured)

بیمہ شدہ رقم وہ یقینی کم سے کم رقم ہے جو موت پر ادا کی جاتی ہے۔ بیمہ شدہ رقم بنیادی پریمیئم پلان کو کور ملٹی پل (Cover Multiple) کے ساتھ ضرب دینے سے حاصل ہوتی ہے۔ دستیاب کور ملٹی پلز کی رینج درج ذیل ہے:

| عمر (سال) | دستیاب کور ملٹی پلز | |
|---|---|---|
| | کم سے کم | زیادہ سے زیادہ |
| 25-18 | 10 | 254 |
| 35-26 | 10 | 193 |
| 45-36 | 10 | 116 |
| 55-46 | 10 | 59 |

مثال کے طور پر اگر عمر 35 سال ہے اور بنیادی پلان پریمیئم ایک لاکھ روپے ہے اور کور ملٹی پل 25 ہے تو بیمہ شدہ رقم 25 لاکھ روپے ہوگی۔

## یونٹس کی ایلوکیشن

سرمایہ کاری کیلئے مختص کیا گیا بنیادی پلان پریمیئم کا تناسب درج ذیل ہوگا:

| پالیسی کا سال | ایلوکیشن |
|---|---|
| 1 | 25% |
| 2 | 80% |
| 3 | 90% |
| 4 اور آگے | 100% |

## کنٹینیوئٹی بونس

بیمہ پالیسی کی پریمیئم کی مناسبت سے ایکسٹرا یونٹ ایلوکیشن کا تناسب درج ذیل ہوگا۔

| پالیسی کا سال | ایکسٹرا ایلوکیشن |
|---|---|
| 6 تا 14 | 3% |
| 15 اور آگے | 5% |

یہ ایکسٹرا ایلوکیشن یونٹس کی بنیادی ایلوکیشن کے علاوہ ہے۔

## دیگر چارجز *

ابتدائی سالوں میں کم ایلوکیشن کے علاوہ مندرجہ ذیل چارجز بھی پلان پر عائد کئے جائیں گے:

| | |
|---|---|
| بڈ/آفر اسپریڈ | بنیادی پریمیئم کا 5 فیصد |
| مینجمنٹ چارجز | فنڈ ویلیو کا 1.5 فیصد سالانہ |
| ایڈمنسٹریشن فیس | 60 روپے ماہانہ |
| مورٹیلیٹی چارجز | پوری عمر کی بنیاد پر بیمہ کردہ رقم پر عائد ہوگی |
| ای سی بی چارجز | بیمہ شدہ زندگی کی عمر، سالانہ ای سی بی بینیفٹ اور ای سی بی ٹرم کے ساتھ تبدیل ہوتا ہے |
| پالیسی فیس | پریمیئم کی ادائیگی کی تعداد کے ساتھ تبدیل ہوتی ہے |

* کمپنی تمام چارجز پر از سرِ نو غور کر سکتی ہے۔

## فری لُک عرصہ (Free-Look Period)

Jubilee Life 14 دن کا فری لُک عرصہ فراہم کرتی ہے جس کے دوران آپ اپنی پالیسی کی شرائط وضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور چاہیں تو اپنی پالیسی منسوخ بھی کر سکتے ہیں۔ پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر آپ دستبرداری کی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ جسکی بناء پر آپکا پریمیئم واپس کر دیا جائے گا۔ Jubilee Life کے پاس طبّی معائنے پر اٹھنے والے اخراجات کی کٹوتی کا حق محفوظ ہے۔

یہ بروشر ایڈوا سمارٹ کا ایک عمومی خاکہ پیش کرتا ہے۔ پلان اور Add-On فوائد تفصیلی شرائط کے تحت بروئے کار لائے جاتے ہیں جو پالیسی قوانین اور شرائط میں درج ہیں۔



JUBILEELIFE.COM

Jubilee Life Insurance Company Limited
74/1-A, Lalazar, M.T. Khan Road,
Karachi - 74000, Pakistan

Phone: (021)35205095
Fax: (021)35610959
SMS: "JUBILEELIFE" to 8398
Email: info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com
Website: www.jubileelife.com
U.A.N: (021) 111-111-554 (JLI)